Session 20th
No. 354
Date 21-9-2021
Department Inter Provincial Coordination

# عنایت اللہ خان

ممبر صوبائی اسمبلی پی کے 12 دیر بالا

## تحریک التواء

جناب سپیکر صاحب!

میں صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا قواعد انضباط مجریہ 1988ء کے قاعدہ 69 کے تحت اس معزز ایوان میں ایک انتہائی اہم اور فوری عوامی نوعیت کے مسلہ سے متعلق تحریک التواء پیش کرتا ہوں جو کہ پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں مسلسل اضافہ کے نتیجے میں مہنگائی میں روز بروز اضافہ سے عوام کو درپیش مشکلات سے متعلق ہے۔

جناب سپیکر صاحب!

ایسے حالات میں کہ جب ملک بھر میں کورونا کی صورت میں پھیلی عالمی وباء سے معمولات زندگی گزشتہ دو سالوں سے شدید متاثر ہے ایسے میں حکومت کی جانب سے عوام کو ریلیف دینے کے بجائے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں تسلسل کے ساتھ اضافے سے اشیائے خوردونوش کی قیمتوں میں بے پناہ اضافہ ہو رہا ہے اور ساتھ ہی پبلک ٹرانسپورٹ کے کرایوں میں بھی اضافہ ہو رہا ہے جس کی وجہ سے جہاں عام آدمی شدید متاثر ہے وہاں روزمرہ معمولات زندگی کو جاری رکھنے کے لئے روزانہ کی بنیاد پر پبلک ٹرانسپورٹ پر انحصار کرنے والے شہری دہرے اذیت اور مشکلات سے دوچار ہیں۔ ماضی کی حکومتوں میں عالمی مارکیٹ میں تیل کی قیمتوں میں اتار چڑھاؤ کی صورت میں مہینہ میں ایک بار پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ ہوتا تھا لیکن اب ہر 15 روز بعد پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے سے عوام شدید تشویش اور اضطراب سے دوچار ہیں۔ لہذا میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ ان حالات میں اس معزز ایوان میں معمول کی کاروائی کو روک کر اس انتہائی اہم عوامی مسلے کو زیر بحث لانے کے لئے اس تحریک التواء کو بحث کے لئے منظور کیا جائے جائے تاکہ اصل حقائق قوم کے سامنے لائے جا سکے اور عوام میں پائی جانی والی تشویش کا سدباب ممکن ہو سکے۔ شکریہ

**ADJOURNMENT MOTION**

Session No. 20th
Notice No. 354
Received Time: 3:30
Received Date 20/9/2021
From Mr. / Ms. عنایت اللہ MPA
Receiver Sign: [signature]

1، عنایت اللہ خان [signature]
ایم پی اے پی کے 12

2، سراج الدین خان [signature]
ایم پی اے پی کے 102

3، حمیرا خاتون [signature]
ایم پی اے

20th
355
21-9-2021
Local Govt.

# حمیرا خاتون

ممبر صوبائی اسمبلی

## تحریک التواء

جناب سپیکر صاحب!

میں صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا قواعد انضباط مجریہ 1988ء کے قاعدہ 69 کے تحت اس معزز ایوان میں ایک انتہائی اہم اور فوری عوامی نوعیت کے مسلہ سے متعلق تحریک التواء پیش کرتی ہوں جو کہ ادویات کی قیمتوں میں مسلسل اضافہ سے عوام کو درپیش مشکلات سے متعلق ہے۔

جناب سپیکر صاحب!

ملک بھر میں عالمی وباء کورونا سے معمولات زندگی شدید متاثر ہیں ورمہنگائی کے ہاتھوں عوام بالخصوص خط غربت کے نیچے انتہائی کسمپرسی کی زندگی گزارنے والے تقریبا 50 فیصد عوام بڑی مشکل سے دووقت کی روٹی کے لئے سرگرداں ہیں۔ جبکہ اس دوران ادویات کی قیمتوں میں تسلسل کے ساتھ اضافہ سے عوام کی مشکلات میں دگنا اضافہ ہوا ہے کیونکہ ملک بھر میں شوگر، بلڈ پریشر، امراض قلب اور دیگر درجنوں ایسی بیماریوں میں مبتلا مریضوں کی بڑی تعداد موجود ہیں جنہیں روزانہ کی بنیاد پر ادویات کی ضرورت ہوتی ہے۔ لہذا ان حالات میں اس معزز ایوان میں معمول کی کاروائی کو روک کر اس انتہائی اہم عوامی مسلے کو زیر بحث لانے کے لئے اس تحریک التواء کو بحث کے لئے منظور کیا جائے تاکہ اصل حقائق قوم کے سامنے لائے جاسکے اور عوام کو ریلیف کی فراہمی سمیت ادویات کی قیمتوں میں اضافہ سے جنم لینی والی تشویش کا سدباب ممکن ہوسکے۔ شکریہ

1، حمیرا خاتون
Humaira
ایم پی اے

2، سراج الدین خان
ایم پی اے پی کے 102

**ADJOURNMENT MOTION**

Session No. 20th
Notice No. 355
Received Time: 3:31
Received Date: 20/8/2021
From Mr. / Ms. حمیرا خاتون MPA
Receiver Sign: [signature]

## PROVINCIAL ASSEMBLY OF KHYBER PAKHTUNKHWA

Session 20th

No. 356

Date 21-9-2021

Department Local Govt

تحریک التواء

اس معزز ایوان کی معمول کی کارروائی روک کر اس اہم مسئلے پر
بحث کی اجازت دی جائے کہ حالیہ ادارہ شماریات کے اعداد و شمار
کے مطابق ملک میں بے روزگاری میں شدید اضافہ ہوا ہے اور خیبر پختونخوا
میں شرح سب سے زیادہ 10.3٪ بڑھی ہے لہذا صوبے میں بڑھتی ہوئی
اس بے روزگاری پر بحث کی اجازت دی جائے۔

شکریہ

نعیمہ کشور خان
20/9/2021

**ADJOURNMENT MOTION**

Session No. 20th

Notice No. 356

Received Time: 4:30

Received Date 20/9/2021

From Mr. / Ms. نعیمہ کشور, MPA

Receiver Sign: [signature]

تحریک التواء

Session 20th

No 363

Date 26-10-2021

Department Home Deptt:

جناب سپیکر صاحب!

اسمبلی کی معمول کی کارروائی روک کر اس اہم مسئلے پہ بحث کی اجازت دی جائے اور وہ یہ کہ مہنگائی اور بے روزگاری شہریوں کے لئے بہت عوام کیلئے مسئلہ اب بن چکی ہے۔ مہنگائی اور غربت زیادہ بے روزگاری کی وجہ سے آئے روز چوری اور ڈکیتی کی وارداتوں میں اضافہ ہو گیا۔ جس کی وجہ سے امن و امان کی صورت حال بھی انتہائی خراب ہو چکی ہے۔ لہذا میری نوٹس کو تفصیلی بحث کیلئے منظور کیا جائے تاکہ اس مسئلے کا جلد از جلد کوئی حل نکالا جا سکے۔

Shm

منجانب: شگفتہ ملک
MPA

**ADJOURNMENT MOTION**

Session No. 20th

Notice No. 363

Received Time 11:00

Received Date 26/10/2021

From Mr. / Ms. ____________ MPA

Receiver Sign: [signature]

# IKHTIAR WALI KHAN

**Additional Secretary General PML (N) KPK**


20th
364
26-10-2021
Home.

Ref:________ Date 26/10/2021

تحریک التواء:

اسمبلی کی معمول کی کارروائی کو روک کر اس اہم
اور اجتماعی مسئلے پر بحث کی اجازت دی جائے اور وہ یہ کہ
مہنگائی اور بدترین بے روزگاری نے ~~ہمارے~~ ہمارے غریب عوام کیلئے
عذاب بن چکی ہیں۔ مہنگائی اور بے انتہا بے روزگاری کی وجہ سے آئے روز
چوری اور ڈکیتی کے واقعات میں اضافہ ہوا ہے جس سے ملکی
امن و امان کی صورتحال بھی متاثر ہوا ہے لہذا گزارش ہے کہ میرے
تحریک التواء کو ایوان میں تفصیلی بحث کیلئے منظور کیا جائے

شکریہ

Ikhtiar Wali (signature)
اختیار ولی خان
MPA PK 63

**ADJOURNMENT MOTION**

Session No. 20th
Notice No. 364
Received Time 3:00
Received Date 26/X/2021
From Mr./Ms. اختیار ولی MPA
Received Sign. (signature)


**Add: Nokhar House Kabul River Tehsil & District Nowshera KPK**
**Cell: 0300-8597099**

# PROVINCIAL ASSEMBLY OF KHYBER PAKHTUNKHWA

Session 20th
No 365
Date 26-10-2021
Department Local Govt:

تحریک التواء

اس معزز ایوان کی معمول کی
کارروائی روک کر میں مہنگائی اور
بے روزگاری کے مسائل تفصیل سے
بحث کروانے کی درخواست کرتی ہوں

Humaira Khatoon
MPA
Humaira

**ADJOURNMENT MOTION**

Session No. 20th
Notice No. 365
Received Time 3:30
Received Date 26/X/2021
From Mr./Ms. حمیرا خاتون MPA
Receiver Sign: [signature]

Session 20th
No 368
Date 8/11/2021
Department Inter Provincial Coordination

## تحریک التواء

جناب سپیکر صاحب!

میں اسمبلی کی کاروائی روک کر ایک اہم مسئلے پر بات کرنے کی اجازت چاہتا ہوں اور وہ یہ کہ عموماپورے پاکستان میں اور خصوصا خیبر پختونخوا میں مہنگائی کی لہر نے غریب کا جینا حرام کر دیا ہے لوگ فاقاکشیوں پر مجبور ہیں لوگوں کو دو وقت کی روٹی بھی میسر نہیں ہے۔ آٹا، چینی، گھی اور دالیں غریب عوام کی پونچ سے بھی دور ہیں ایک دیہاڑی دار مزدور جس کو کبھی مزدوری ملتی اور کبھی نہیں وہ کس طرح اپنے بچوں کا پیٹ بھرے گا۔ غریب لوگ خودکشیاں کر رہے ہیں اور مہنگائی روکنے کا نام نہیں لے رہی لہذااس اہم مسئلے پر بات کرنے کی اجازت دی جائے۔

Ikhtiar Wali
(اختیار ولی خان)

ممبر صوبائی اسمبلی، پی کے 63

**ADJOURNMENT MOTION**

Session No. 20th
Notice No. 368
Received Time 11:15
Received Date 8/11/21
From Mr. / Ms. ______ MPA
Receiver Sign: [signature]

**PROVINCIAL ASSEMBLY OF KHYBER PAKHTUNKHWA**

Session: 20th

No: 369

Date: 8/11/2021

Department: Inter Provincial Coordination.

تحریک التوائے

ملک میں بڑھتی ہوئی مہنگائی آئے روز پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے پر بحث کی جائے۔

شگفتہ

نعیمہ کشور خان

Humaira Khatoon

Humeira

Rehana Ismail

Session:

No:

Date:

Department:

**ADJOURNMENT MOTION**

Session No.: 20th

Notice No.: 369

Received Time: 3:30

Received Date: 8/11/2021

From Mr. / Ms.: حمیرا خاتون, MPA

Receiver Sign: [signature]

Session 20th

No 370

Date 8/11/21

Department Posted Provincial Coordination

# صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ

## خیبر پختونخوا صوبہ

مورخہ 8/11/21

عنوان: سوال / قرارداد / تحریک استحقاق / تحریک التواء

منجانب: اکرم خان درانی ایم پی اے دستخط

جناب سپیکر!

ایوان کی معمول کی کاروائی روک کر اس اہم اور مفاد عامہ کے مسئلے پر بحث کی جائے۔ وہ یہ کہ پورے ملک میں اور خصوصاً صوبہ خیبر پختونخوا میں حالیہ مہنگائی تاریخ کی بلند سطح پر پہنچ گئی جس سے اشیائے خورد و نوش بشمول چینی، آٹا، گھی، دالیں، سبزیاں، پیٹرولیم مصنوعات اور دیگر ضروریات زندگی کی اشیاء عوام کی دسترس سے باہر ہو گئی ہے۔ جس کے نتیجے میں آئے روز غریب عوام اور ملک کے تمام طبقات مزدور سرکاری ملازمین تاجران احتجاج کر رہے ہیں غریب لوگ بچوں سمیت خودکشیاں کر رہے۔ حکومت اور انتظامیہ مہنگائی کنٹرول کرنے میں ناکام ہے۔ کوئی پالیسی نہیں ہے کہ مہنگائی کو کنٹرول کر سکے عوام میں انتہائی غم و غصہ اور پریشانی پائی جاتی ہے۔